आखिर में ऑनरेबल मेंबर फ्राम सिकंदराबाद ने जो सजेशन दिया है अुसकी ताअीद करते हुअे मै अपनी तकरीर खतम करता हूं ।

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :— میں آنریبل ممبرس سے خواهش کرونگا که وه مقرره ٹائم میں اپنی تقریر ختم کرلیں۔

* شری شرن گوڑہ انعامدار (اندولہ - حیورگی) :- مسٹر اسپیکر سر - آج ھاؤز کے سامنے فرسٹ فائیو ایر پلان کے بارے میں آنریبل منسٹر فار پلاننگ کا ایک اسٹیٹمنٹ آیا ھے - پہلے بھی کئی میٹیریلس ھاؤز کے سامنے لائے گئے تھے - اون میٹیریلس اور اس اسٹیٹمنٹ کو دیکھا جائے تو ھم کو معلوم ھوگا کہ اس میں بعض چیزیں ایسی کہی گئی ھیں کہ یہ پیپلز پلان (People's plan) ھے - اس کو خود جنتا نے بنایا ھے - حکومت تو صرف اون کو گائڈ (Guide) کرتی ھے - لیکن جب ھم نے فرسٹ فائیو ایر پلان کو دیکھا تو معلوم ھوا کہ وہ اس طرح کا نہیں ھے - بلکہ چند آفیسرس اور رولنگ پارٹی کے لوگوں نے بیٹھکر اپنے ھی نقطہ نظر سے اپنے ھی تصورات کے تحت اس کو بنایا ھے - آزادی حاصل کرنے کے بعد ھمارے سامنے جو اھم مسائل تھے اون کے حل کے لئے پلاننگ ضروری تھی - پلاننگ کی ضرورت اس وجہ سے محسوس کی جاتی ھے کہ جنتا کے سامنے اون کے فوڈ (Food) کا کلوتھنگ (Clothing) کا اون کے اسپلائمنٹ (Employment) کا اور دیگر ضروریات زندگی کا جو پرابلم (Problem) ھے وہ حل کیا جاسکے ان چیزوں کو سہیا کرنے کے لئے کیپٹل انوسٹ (Capital invest) کیا جاتا ھے - اور اس کے لحاظ سے یہ بھی دیکھا جاتا ھے کہ اس پلاننگ کی وجہ سے ھم کو کیا امیڈیٹ رٹرن (Immediate return) ملنے والا ھے - اس رٹرن سے ھم اپنی پلاننگ میں کس طرح کی ترقی کر سکتے ھیں - لیکن حیدرآباد کے فرسٹ فائیو ایر پلان کو اگر دیکھا جائے تو معلوم ھوگا کہ اس پلان کی وجہ سے ھمیں جس قدر رقم خرچ کرنا پڑرھی ھے اوس کا رٹرن ملنے والا نہیں - نہ اوس کی ریوینیو سے پلان کو آگے بڑھانے میں مدد مل سکے گی - آج ھمارے سامنے جو سب سے زیادہ اھم مسئلہ ھے وہ فوڈ پرابلم ھے - اگریکلچر (Agriculture) کا پرابلم ھے - کاشتکاروں کی حالت سدھارنے کا سوال ھے - ملک میں کھاد پدھار بڑھانے کا سوال ھے - ھم پلاننگ کے تحت جو پیسہ خرچ کر رھے ھیں اوس کے تحت بعض لوگ یہ امید کر رھے ھیں کہ تین سال میں ھی کافی ترقی کی جائے گی لیکن میں کہونگا کہ پانچ سال میں بھی (۵۰) فی صد ترقی بھی ھم نہیں کر سکینگے - مجھ سے پہلے آنریبل ممبرس نے جو کچھ کہا ھے اوس کو دھرانا نہیں چاھتا - لیکن یہ کہونگا کہ پراجکٹس میں پانی جمع کرنے کا کام تو کیا گیا ھے لیکن جس ایریا میں پراجکٹ تیار کیا جاتا ھے وھاں لینڈ ڈیولپمنٹ (Land development) کا جو ایریا ھوتا ھے وہ برابر ڈیولپ نہیں کیا گیا - ڈیم (Dam) تیار ھوگیا اور پانی بھرگیا - لیکن اس کے بعد لینڈ کے بارے میں وھاں کے لوگوں کے بارے میں اس کو یوٹیلائز (Utilise) کرنے کے لئے نظر کی جائے تو یہ پلاننگ کامیاب ھو سکتی ھے لیکن ایسا نہیں سوچا گیا - تنگبھدرا پراجکٹ کے بارے میں میں یہ کہہ سکتا ھوں کہ یہ پلان ھمارے فائیو ایر پلان کا نہیں ھے بلکہ اس سے کئی برس پہلے حکومت حیدرآباد اور حکومت مدراس نے ملکر یہ پلان بنایا تھا اور اس پر عمل کر رھے تھے - یہ کام کافی آگے بڑھنے کے بعد باقی کام کو البتہ پورا کمپلیٹ (Complete) کرنے کی ذمہ‌داری موجودہ حکومت پر آئی ھے - لیکن اس میں بھی دس بیس میل کی کینال تیار کرنے اور سہولتیں دینے کے لئے

نہیں سوچا گیا ۔ اگر سوچا بھی گیا ہے تو بہت کم ۔ یہ کہا جاتا ہے کہ وہاں کے لوگ اریگیشن (Irrigation) کے معاملات میں دلچسپی نہیں لیتے اس لئے وہاں دوسری جگہ سے لوگوں کو لاکر بسایا جائے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ غلط ہے بلکہ وہاں ڈیامس (Dams) تیارکرنے اور بھلائی کا کام کرنے کی ترغیب ہی نہیں دی جاتی ۔ وہاں اس کی کوئی گائڈنس (Guidance) نہیں کرتے اور جب وہ دلچسپی نہیں لیتے ہیں تو انہیں ”ان فٹ،، (Unfit) کہا جاتا ہے ۔ میرا یہ کہنا ہے کہ پلاننگ کے ساتھ ساتھ جو دیگر کام سائڈ بائی سائڈ (Side by side) ہونے چاہئے تھے وہ نہیں ہوئے جس کی وجہ سے وہاں کے لوگوں کو سفر (Suffer) ہونا پڑرہا ہے ۔

تیسری چیز میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انڈسٹریل ڈیولپمنٹ (Industrial Development) کو نظر انداز کیا گیا ہے جیسا کہ ابھی ذکر کیا گیا ۔ میں یہ کہونگا کہ اگرچیکہ ہمارے پاس لارج اسکیل انڈسٹریز (Large Scale industries) کی ضرورت نہیں ہے لیکن دیہاتی کاشتکاروں کے لئے چھوٹے پیمانہ پر جو سائڈ بزنس (Side business) یا سائڈ آکوپیشن (Side occupation) ہونا چاہئیے وہ نہیں ہے جس کی وجہ سے زراعت کی آمدنی کم ہونے سے ان کے فیملی بجٹ میں جو ڈیفیسٹ (Deficiet) رہتا ہے وہ پورا ہو سکے ۔ اس کے لئے کینال سائڈ کو بڑھانا چاہئے تھا اور یہ اوسی وقت بڑھائی جاسکتی ہے جب کہ تنگبھدرا پراجکٹ کے تحت ہائڈرو الکٹرک رائچور۔ محبوب نگر حیدر میں سپلائی کیجاتی ۔ اس میں رام گنڈم ۔ کریم نگر ۔ عادل آباد ۔ کھمم اور میدک کے کچھ حصہ کو بھی لیا جا سکتا تھا ۔ ایسا نہونیکی وجہ سے ویورس اسوسیشن (Weaavers Association) کا جو ڈیمانڈ ہے انکو آپ کب تک پیسہ بھرتے رہیں گے ۔ آرٹ اینڈ کرافٹ کے سلسلہ میں جو پالیسی حکومت کی ہونا چاہئے وہ نہیں ہے ۔ اس پر ہماری حکومت حیدر آباد نے آج تک نہیں سوچا ہے ۔ صرف یہ کہا جاتا ہے کہ اسکیم تیار کر رہے ہیں ۔ رام گنڈم پاور اسکیم کے اس میں صرف فیگرس ہیں ۔ یہ لائن ڈالنا ہے ۔ وہ لائن ڈالنا ہے ۔ سنگل سرکوئٹ (Single circuit) کرنا ہے ڈبل سرکوئٹ کرنا ہے ۔ لیکن اس سے کتنا پاور دینگے ۔ اس سے کتنے انڈسٹریز ڈیولپ ہونگے اور مزید کتنا پیسہ خرچ ہو رہا ہے یہ نہیں بتلایا گیا ہے ۔ پلان کے تحت ہمیں چالیس کروڑ روپیہ پانچ سال میں خرچ کرنا ہے لیکن تین سال میں $\frac{1}{3}$ پروگرام بھی پورا نہیں ہوا ہے ۔ صرف فیگرس بتلائے ہیں ۔ یہ نہیں بتلائے کہ کونسا کام کتنا باقی ہے کونسے پراجکٹ میں کتنا پانی چھوڑا گیا ہے ۔ اور اس سے کتنا فائدہ ہوا اس کے متعلق کچھ نہیں ہے ۔ یہاں شروع سے آخر تک فیگرس کی بھرمار ہے اور اسکے بعد ہم دیکھتے ہیں کہ نتیجہ صفر ہے ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپکے پلانس سے کیا ڈیولپمنٹ ہورہا ہے ۔ جب منسٹر صاحب دورہ پر جاتے ہیں کیا انہوں نے ہمارے مزدور پیشہ لوگوں کو جنہیں ہم پے (Pay) مزدور کہتے ہیں انکے چہرہ پر کوئی رونق دیکھی ہے کیا انکی زندگی کے مختلف شعبوں میں کوئی تبدیلی ہوئی ہے ۔ کم ازکم میں تو ان میں

کوئی تبدیلی نہیں پاتا - اس لئے ہمارا یہ فرض ہے کہ صحیح معنوں میں دیہاتوں میں رہنے والوں کو آگے بڑھائیں اور اس جمہوری زندگی میں انہیں اپنے ساتھ ساتھ لے جائیں - انہیں زیادہ سے زیادہ کام کرنے کے مواقع فراہم کئے جائیں اور پروڈکشن بڑھایا جائے تاکہ ساتھ ساتھ انکی پرچیزنگ کیپاسٹی (Purchasing capacity) بھی بڑھے - ان تمام چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے میں ہاؤس سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمکو دیہاتوں کے لوگوں کو زیادہ سے زیادہ کام مہیا کرنے کے لئے جو پلاننگ کرنا تھا وہ اس میں نہیں ہے - ڈیولپمنٹ بلاکس (Development Blocks) اور نیشنل اکسٹنشن سرویس (National extension service) پر جو پیسہ خرچ کر رہے ہیں اس میں صرف چند لوگوں کا پیسہ آیا ہے کیونکہ اس کی بھی ایک پولیٹیکل سائڈ ہے - آنریبل منسٹر کی کانسٹیٹیونسی میں زیادہ پراجکٹ کہلے ہیں تاکہ وہ آئندہ الکشن میں واپس آسکیں - ایسا پولیٹیکل پرپز (Political purpose) اس میں ہے جو نہ ہونا چاہئے تھا - میں آپ کو بتلاؤں کہ پہلے جو چھ بلاکس ہیں ان میں سے پانچ کانگریس کے حلقہ انتخابات میں ہیں - اس کے بعد جو بارہ تیرہ بلاک بننے والے ہیں ان میں سے نو کانگریسی حلقوں میں ہیں -

ಶ್ರೀ. ಎಲ್. ಕೆ. ಷರಾಫ್ :—ಯಾವ ಪ್ರದೇಶದಲ್ಲಿ ಎಂಬುದನ್ನು ತಿಳಿಸುತ್ತೀರಾ?

ಶ್ರೀ. ಶರಣಗೌಡ ಇನಾಂದಾರ್ :—ಗಂಗಾವತಿ ತಾಲ್ಲೂಕಿನಲ್ಲಿ.

یعنی بتلانے کا مقصد یہ ہے کہ وہاں کیا انیائے ہوا وہ ہاؤس کے سامنے آئے - وہاں دو بلاکس کھولے ہیں کیونکہ وہ پراجکٹ ایریا تھا اس لئے وہاں رکھنا ضروری تھا - لیکن گلبرگہ میں بھی کانگریس کانسٹیٹیونسی میں لاکر ڈالے ہیں - اگر گلبرگہ والے مانگ کرتے ہیں تو ٦٠ بلاکس میں سے آپ انہیں اکسٹرا دیسکتے تھے - اسطرح الاٹمنٹ آف بلاکس (Allotment of blocks) میں پارشیالیٹی (Partiality) ہوئی ہے - اس میں عہدہداروں کی پارشیالیٹی بھی حد سے بڑھ گئی ہے - سب عہدہدار یہ سمجھتے ہیں کہ اگر کانگریس ممبرس کی اڈوائزری باڈی کو نہ مانیں توکل صبح ہونے تک انہیں سسپنڈ (Suspend) کیا جائے گا - یا انہیں اٹھا کر کہیں اور پھینک دینگے - حالانکہ گورنمنٹ آفیشلس کا یہ کام ہونا چاہئے کہ کسی پارٹی سے ناتا نہ رکھتے ہوئے کام کریں اور ہر حلقہ سے جو لوگ آتے ہیں انکے رجحانات کو معلوم کریں کیونکہ صرف کانگریس کے لوگ ہی جنتا کا رپریزنٹیشن (Representation) کرنے کا ٹھیکہ نہیں لئے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہاں جتنے یم - یل - ایز - ہیں ان سب کو رپریزینٹیشن کرنے کا حق ہے اور اونکی رائے ڈیولپمنٹ اور پلاننگ میں لیجانی چاہئے - ورنہ صرف اوس بازو کے ممبرس کو لیکر اس بازو کے ممبر کو نہ لیتے ہوئے لاکھوں روپیہ خرچ کرکے میں نہیں کہہ سکتا کہ زیادہ فائدہ اٹھائینگے - اگر ایسا کریں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ پلاننگ عوامی بھلائی کے لئے نہیں ہوگی اور یہ سمجھا جائے گا جیسا کہ گذشتہ حکومت کی روایات تھیں کہ اپنے خاندان کے فائدے کے لئے اور دیگر

اغراض کے حصول کے لئے پلاننگ ھوتی تھی ویسا ھی کانگریس بھی کررھی ھے ۔ اس میں جنتا کا رپریزنٹیشن نہوگا تو یہ سوشیل ان جسٹس (Social unjustice) ھوگا ۔

ابھی ایجوکیشن کے بارے میں ایک آنریبل ممبر نے کہا ۔ آج ایجوکیشن پر جو پیسہ خرچ کیا جارھا ھے وہ میں مانتا ھوں کہ زیادہ ھے اور چونکہ لوگوں کا ڈیمانڈ ھے اور انکی خواھش کو پورا کرنا ھماری جنتا گورنمنٹ کا فرض ھے لیکن ھمارے ڈسٹرکٹس میں جو عہدہ‌دار ھیں جو ناظر یا انسپکٹرس ھیں انکی حالت کو دیکھتے ھوئے ھر سال پانچ دس کروڑ روپیہ ایجوکیشن پر خرچ کرنے سے کوئی فائدہ اس‌وقت تک نہیں ھو سکتا جب تک کہ ان عہدہ‌داروں پرکافی نگرانی نہ کیجائے ۔ جبتک انکے کیرکٹر میں تبدیلی نہو لوگوں کی مانگ پوری نہیں ھو سکتی ۔ مدرسوں میں کئی ٹیچرس غائب رھتے ھیں لیکن کوئی دورہ نہیں کرتا ۔ اسکول بلڈنگس بھی اچھی نہیں ھیں لڑکوں کو کنجسٹڈ رومس (Conjusted rooms) میں بٹھانا پڑتا ھے ۔ ایک ٹیچر کی دوسرے اسکول میں تعیناتی کرتے ھیں ۔ ان تمام ھنگاموں کے لئے درخواستیں دی جاتی ھیں تو انہیں نظر انداز کیا جاتا ھے ۔

ایک اور چیز جو مجھے عرض کرنا ھے وہ روڈس کے سلسلہ میں ھے ۔ میں سمجھتا ھونکہ نئے پلانس کے تحت کرناٹک میں اب تک ۱۰ میل کی روڈ بھی نہیں بنی ھے ۔ اسی‌طرح مرھٹواڑہ میں بھی ایک میل بھی نئی روڈ نہیں بنی ھے حالانکہ یہ کہا جاتا ھے کہ روڈس پر پیسہ بہت خرچ کیا جارھا ھے ۔ کرناٹک میں تو میں دعوی کے ساتھ کہہ سکتا ھوں کہ کوئی نئی روڈ نہیں بنی ۔ دوسرے اسٹیٹس میں نئی پلاننگ کے تحت سو سو میل کے ریلوے لائنس بچھائے گئے ھیں لیکن ھمارے حیدرآباد میں ریل اور روڈ کے لئے کوئی تحریک نہیں ھے تو کیا ھمارے پاس نظام صاحب سے پیسہ لیکر ھوائی جہاز کے ذریعہ کمیونیکیشن چلانا چاھتے ھیں ۔ بس انڈسٹری کو جو نیشنلائز کیا گیا ھے ھمیں اس سے فائدہ ھوا لیکن اس میں ٹراویلنگ کی جو دقت ھے اس پر ھمیں غور کرنا چاھئے ۔ آپ کو یہ سنکر تعجب ھوگا کہ کوئی ڈیسنٹ آدمی یا ڈیسنٹ لیڈی (Decent lady) بس میں ٹراویل (Travel) نہیں کرسکتے ۔ اتنا ھنگامہ بس میں ھوتا ھے ۔ اس کا ایک ھی حل یہ ھے کہ بس کی تعداد کو بڑھایا جائے اور نئے ریلوے لائنس نکالیں ۔ ھمارے سامنے جو فسٹ فائیو ایر پلان آیا تھا اس کے تین سالہ تجربہ سے ھمیں یہ معلوم ھوتا ھے کہ نکسٹ فائیو ایر پلان کی کامیابی کے لئے اس میں جنتا کا کوآپریشن حاصل کیا جانا ضروری ھے ۔ ھم دیکھ رھے ھیں کہ گورنمنٹ نیشنل ڈیولپمنٹ کے لئے لون (Loan) مانگتی ھے تو لون وصول نہیں ھوتے اور مجبوراً جبراً لونس وصول کئے جاتے ھیں ۔ جو آخری تاریخ ھوتی ھے اس کے سامنے منسٹرس کلکٹرس تحصیلدار سختی کرکے جنتا سے قرض حاصل کرنے کی کوشش کرتے ھیں ۔ اس کی اصل وجہ یہ ھے کہ جنتا کو گورنمنٹ پر وشواس نہیں ھے ۔ جنتا پر گورنمنٹ کا پربھاؤ نہیں ھے ۔ آپ کیا کرنے والے ھیں اس کا جنتا کو پتہ نہیں ....

श्री. शेषराव माधवराव वाघमारे :—मराठवाडे में किन से सख्ती से वसूल किया गया, अुनके नाम तो बताअिये ?

شری شرن گوڑہ :— اس سے پہلے کافی بحث ھوچکی ھے ۔ مجھے دھرانے کی ضرورت نہیں ھے ۔ پلان میں جنتا کا جتنا سہیوگ ھونا چاھیئے وہ اسی لئے حاصل نہیں ھوتا ۔ اوس جانب کے ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ جنتا کو ان کاموں میں گورنمنٹ کا ساتھ دینا چاھیئے اور اس طرح یہ کام کامیاب بنانا چاھیئے ۔ جنتا تو ساتھ دینے کے لئے تیار ھے وہ پیسہ سے محنت سے ھر طرح حکومت کا تعاون کرنے کے لئے تیار ھے ۔ لیکن یہ حکومت کی مشنری کی غلطی ھے ۔ آپ کی مشنری میں تبدیلی کی ضرورت ھے ۔ حکومت کی مشنری کا وھی پرانا اٹیٹیوڈ (Attitude) ھے گو وہ ڈیمو کریٹک گورنمنٹ میں کام کرتے ھیں لیکن ان کے طرز عمل میں کوئی تبدیلی نہیں ھوئی . . . .

श्री. शेषराव माधवराव वाघमारे :—खुद आपने कितना लोन दिया है ?

شری شرن گوڑہ :— میں تو یہ پروپوزل دینے کے لئے تیار ھوں کہ ھر ایک ایم ۔ ایل ۔ اے ۔ کو اپنے ایک ایک سال کا الونس نیشنل لون میں دیدینا چاھیئے ۔ آپ چپراسی سے تو ایک مہینے کی تنخواہ لے لیتے ھیں ۔ میں ایک سال کے ۲۴۰۰ روپیے لون میں دینے کے لئے تیار ھوں ۔

श्री. शेषराव माधवराव वाघमारे :—हम तो तैयार हैं; लेकिन आपने क्या दिया है अुसको बताअिये ! हम तो पांच साल का अलोन्स देने के लिये तैयार हैं। आपने कितना दिया है?

شری شرن گوڑہ :— اس طرح سے کتنا دئے کیا دئے کہہ دینے سے کچھ حاصل نہیں ھوتا ۔ دینا ضروری ھے ۔ لیکن لینے کا طریقہ ھوتا ھے ۔ اس طریقہ سے وصول کرنا چاھیئے ۔ ھمارا دوسال کا پلان جو ابھی بچا ھوا ھے اس کو کامیاب بنانے کے لئے اس کے بارے میں لوگوں میں دلچسپی پیدا کرنے کی ضرورت ھے ۔ اسی صورت میں لوگوں کا کوآپریشن حاصل ھوسکتا ھے ۔ اتنا کہتے ھوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

* شری ایم ۔ نرسنگ راؤ (کلوا کرتی ۔ عام) :— مسٹر اسپیکر سر ۔ میں اپنی تقریر کو اپنے صرف چند آبزرویشنس (Observations) کی حد تک محدود رکھوں گا ۔ ھمارے پلان کے فینانشیل ایسپکٹ (Financial aspect) کے بارے میں آنریبل ممبر فار سکندرآباد تفصیل کے ساتھ کہہ چکے ھیں ۔ میں یہ کہوں گا کہ یقیناً ھمارے اگریکلچرل پروڈکشن (Agricultural Production) میں اضافہ ھوا ھے ۔ میں ان تفصیلات میں نہیں جاتا کہ یہ اضافہ آیا کاشتکاروں کے جذبہ میں تبدیلی کی وجہ سے ھوا ھے یا طریقہ کاشت میں تبدیلی کی وجہ سے ھوا ھے یا گرو مور فوڈ کمپین (Grow more food campaign) کی وجہ سے ھوا ھے یا اور دیگر فیکٹرس (Factors) میں تبدیلی کے نتیجے کے طور پر

ہوا ہے۔ مگر میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ پروڈکشن میں یقیناً اضافہ ہوا ہے۔ اگر کوئی اس کے خلاف ہیں تو میں چیلنج کرتا ہوں کہ وہ کسی بھی علاقہ میں میرے ساتھ چلیں میں اس کو ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں۔ لہذا میں ہمارے پروڈکشن میں اضافہ کے لئے آنریبل منسٹر فار پلاننگ اینڈ اگریکلچرل کو مبارک باد دیتا ہوں۔

اس کے بعد میں پلان کے بعض اہم سبجکٹس پر آجاتا ہوں۔ ہمارا پلان ۴۰ کروڑ ۵۰ لاکھ روپیئے کا ہے۔ اب تک جو خرچہ ہونا چاہئیے تھا وہ ۳۸ کروڑ کے قریب ہے لیکن حقیقت میں اب تک ۲۹ کروڑ ۹۳ لاکھ روپیئے خرچ ہوئے ہیں۔ باقی جو رقم ہے وہ آئندہ دو سال میں ختم ہوسکتی ہے۔ ممکن ہے کہ اس مدت میں خرچہ میں اور اضافہ ہو اور ۶۰ کروڑ تک پہنچ جائے۔

ہمارے پلان کا سب سے بڑا ایٹم تنگبھدرا پراجکٹ ہے۔ اس پر کافی کہا جاچکا ہے۔ میں اسکی اسٹڈی (Study) تفصیل سے کیا ہوں مجھے اس بارے میں یہ شکایت ہے کہ جس زمانہ میں تنگبھدرا پلان تیار کیا گیا اسی زمانہ میں ڈیولپمنٹ کا پلان ہونا چاہئیے تھا۔ اسی وقت اسکا ڈسیشن (Decision) ہونا چاہئیے تھا۔ آنریبل منسٹر فار پلاننگ نے کئی چیزوں کا ذکر کیا ہے۔ لیکن میں واقعات بتلانا چاہتا ہوں وہاں کے ایریاز میں تری کاشت ہوتی ہے۔ گنگاوتی سے انا گندی کا فاصلہ ۹ میل ہے۔ وہاں نیشکر کی کاشت ہوتی ہے۔ وہاں زمین میں یا پانی میں کوئی خرابی نہیں ہے۔ پیدا وار بہت اچھی ہوتی ہے۔ ۱۰ تھیلے پیڈی کی پیداوار ہوتی ہے۔ وہاں کی زمین بہت زر خیز ہے۔ لیکن انا گندی کو مزدور ۹ میل سے آنا پڑتا ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے وہ مزدور دن کے ۱۱ بجے سے ۳ بجے تک کام کرسکتا ہے۔ اسکو ۹ میل آنا اور ۹ میل جانا پڑتا ہے۔ ایسی صورت میں یہاں پاپولیشن (Population) کا سوال انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ وہاں پاپولیشن کو بڑھانا ضروری ہے آپ کہیں سے لائیے تلنگانہ سے گلبرگہ سے کہیں سے بھی ....

شری شرن گوڑہ :— سب مرج (Submerge) ایریاز سے لوگوں کو لاسکتے ہیں۔

شری ایم۔ نرسنگ راؤ :— کہیں سے بھی لائیے لیکن پاپولیشن کا سوال انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ گنگاوتی کے لوگ بھی بہت اچھی طرح کاشت کرتے ہیں۔ وہ تری کاشت کرسکتے ہیں لیکن وہاں پاپولیشن کی کمی ہے اور اس کمی کو دور کرنا ضروری ہے۔ اس سوال کو حل کرنے کے لئے فینانشیل ایسپکٹ پر غور کرنا ضروری ہے لیکن سوال کی اہمیت کے مدنظر اس کو حل کیا جانا ضروری ہے۔ میں استدعا کرونگا کہ اس مسئلہ پر غور کریں۔ اور سر جوڑ کر اس مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

اس کے بعد میں لوکلائیزیشن (Localisation) کے مسئلہ کو گورنمنٹ کی توجہ میں لانا چاہتا ہوں۔ مسئلہ یہ ہے کہ کہاں لائیٹ اریگیشن

Light irrigation) هوگی اور کهاں هیوی اریگیشن هوگی - هر گاؤں میں اور اور هر سروے نمبر پر اس کی جانچ کرکے اس کا تعین کرنا ضروری هے - ریوینیو ڈپارٹمنٹ - سٹلمنٹ ڈپارٹمنٹ - اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ - پی - ڈبلیو - ڈی - سب محکموں کے آفیسرس ملکر اس لوکلائیزیشن کے مسئله کو حل کرنا چاهیئے - اب تک کچھ ۲۸ - ۳۰ میل کا لوکلائیزیشن هوا هے - لوکلائیزیشن کی اسکیم پوری نهونے کی وجه سے پی - ڈبلیو - ڈی یه کهتا هے که هم اس کے ڈسٹری بیو ٹریز (Distributories) تیار نهیں کرسکتے - پهلے لوکلائیزیشن هونا چاهیئے - ڈفکٹ (Defect) کهاں هے اسکو معلوم کرنا میں آپ پر چھوڑ دیتا هوں - میں کهوں گا که آنریبل منسٹر پی - ڈبلیو - ڈی - آنریبل منسٹر پلاننگ - آنریبل منسٹر ریوینیو - آنریبل منسٹر فینانس اس پر غور کرکے اس مسئله کو آگے بڑھائیں - تاکه پورا پلان ایک ساتھ آگے بڑھے -

کمیونٹی پراجکٹ نیشنل اکسٹنشن لوکل ڈیولپمنٹ ورکس کو میں بهت اهمیت دیتا هوں - اس میں پالٹیکس کا دخل نهیں هے کئی ڈیولپمنٹ بلاکس میں مکھیڑ هے - کھمم هے کئی بلاکس هیں - میں آپ سے اس بارے میں بالکل متفق هوں که ڈیولپمنٹ کے کاموں میں پالیٹکس (Politics) یا پارٹی گروپ (Party group) حائل نهیں هونا چاهیئے - بلا لحاظ کسی پارٹی گروپ کے پالیسی اختیار کریں تو کام هوسکتا هے - میں عرض کروں گا که کهیں تیزی سے کام هورها هے اور کهیں دهیا کام هورها هے - پلاننگ کے لئے جو رقم همارے بجٹ میں رکھی گئی هے وه کم هے لیکن میں کهوں گا که کمیونٹی پراجکٹ بلاک کے لئے یه سوال پیدا نهیں هوسکتا کیونکه جو بھی رقم منظور هوئی هے وه بھی خرچ نهیں هورهی هے - کام آگے نهیں بڑه رها هے میں اس جانب کے آنریبل منسٹر فار پلاننگ کی توجه خاص طور پر مبذول کرنا چاهتا هوں - میں صرف کمپاریٹیو اسٹڈی (Comparative study) کے لئے کهوں گا که

Kurukshetra, August 1954: Progress of work in Community Projects and Blocks allotted from October, 1952 to March 1954.

میں صرف پارٹ بی اسٹیٹ (Part B. States) کو لوں گا -

حیدرآباد میں دو پراجکٹ اور ایک ڈیولپمنٹ بلاک - ۹ لاکھ ۹۷ هزار روپیه -

مدهیه بھارت - دو پراجکٹ ۶ بلاک - ۱۸ لاکھ ۲۱ هزار روپیه -

راجستان - ۷ بلاک - ۲۴ لاکھ ۸۲ هزار روپیه -

ٹراونکور کوچن - ۲ پراجکٹ ۶ بلاک - ۱۶ لاکھ ۱۳ هزار روپیه -

یه رقوم وهاں خرچ هوئی هیں - لیکن همارے هاں اتنے هی بلاک پر جتنا خرچ هونا چاهیئے تھا کمپاریٹیولی دیکھیں تو معلوم هوگا که اتنا خرچ نهیں هوا هے - میں پوچھنا چاهتا هوں که جتنا پروگرس (Progress) هونا چاهیئے تھا

کیوں نہیں ہوا ۔ آنریبل منسٹر اس پر غور کریں کہ ڈیفکٹ آخر کہاں ہے ۔ بجٹ وقت پر پاس نہیں ہوتا ہے ۔ تنخواہیں وقت پر نہ ملنے کی شکایتیں آتی ہیں ۔ گورنمنٹ آگے نہیں بڑھ رہی ہے ۔ اس طرح کئی ترقی کے کام پیچھے پڑ گئے ہیں ۔ میں آنریبل منسٹر پلاننگ سے عرض کروں گا کہ اڈمنسٹریشن میں کہاں خرابی ہے اس کو دور کرنے کی کوشش کرنی چاہئیے ۔ جو رقم منظور ہوتی ہے وہ آخر کیوں خرچ نہیں ہوئی ۔ ہوزنگ اسکیم (Housing scheme) کے لئے گورنمنٹ آف انڈیا نے رقم دی تھی لیکن وہ پوری خرچ نہیں کی جاسکتی ۔ آخر کیوں ۔ ۳۰ لاکھ ملتے ہیں تو صرف چار پانچ لاکھ صرف کئے جاسکتے ہیں ۔ رقم آتی ہے لیکن خرچ نہیں کرتے ہیں ۔ کیوں خرچ نہیں کرتے ہیں کہاں ڈیفکٹ ہے ۔ ان چیزوں پر آنریبل لوکل سلف گورنمنٹ ، پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی منسٹر اور فینانس منسٹر کو غور کرنا چاہئیے ۔ ایک زمانے میں جو اڈمنسٹریشن تھا جو سسٹم تھا اس پر کام نہیں ہوسکتا ۔ ہم کو انجینیروں کی ضرورت ہے ۔ وقت پر انجینیر نہیں مل سکتے ہیں یا پلان نہیں بن سکتا ہے یا اسٹیمیٹ (Estimate) تیار نہیں ہوسکتا ہے ۔ آخر کیا بات ہے اس پر غور کرنا چاہئیے ۔ چاہے پی ۔ ڈبلیو ڈی ۔ کا کام ہو یا لوکل سلف گورنمنٹ کا ترقی کے کاموں کو آگے بڑھانا چاہئیے اور اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ تمام مشنری ایک ساتھ کام کرے ۔ ایک سامنے اور ایک پیچھے رہے تو کام نہیں چل سکتا ۔ یہ کرٹیسیزم (Criticism) نہیں ہے بلکہ اپنے تجربہ کی بناء پر کہہ رہا ہوں ۔ آنریبل منسٹر پلاننگ نے اپنے خیالات کو اسٹیٹمنٹ کی شکل میں تفصیل سے پیش کیا ہے ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ ہمیں اس پر غور نہیں کرنا چاہئیے کہ پلان کہاں سے آیا ہے دلی سے آیا ہے یا حیدرآباد میں بنایا گیا ہے ۔ ٹاپ پلان (Top plan) ہے یا بیلو پلان (Below Plan) پیوپلس پلان (Peoples Plan) نہیں ہے یا ڈیموکریٹک پلان (Democratic plan) نہیں ہے ۔ بلکہ ہمیں یہ دیکھنا چاہئیے کہ یہ ہمارے لئے مفید ہے یا نہیں ۔ پلاننگ فرام بیلو کے بارے میں کچھ کہکر میں آپ کا زیادہ وقت لینا نہیں چاہتا ۔ میں کہوں گا کہ اگر نندی کنڈہ پراجکٹ عمل میں آئے تو یہ ایک نیشنل امپارٹنس پلان (National Importance Plan) ہوگا ۔ پورنا پراجکٹ ۔ موسی پراجکٹ جو ہیں یہ پیوپلس پلان ہیں ۔ اس کے لئے اگریکلچرل ۔ سوشیل اور اکنامک سروے (Economic) کرنا ہوگا ۔ کیونکہ ہر گاؤں کے ضرو یات یکساں نہیں ہوا کرتے ۔ پوری باتوں پر غور کرکے پلان تیار کرنا پڑتا ہے ۔ پیوپلس کا اوسی صورت میں کو آپریشن (Co-operation) ہوگا کہ جبکہ اون کی ضروریات کی چیزوں کا لحاظ رکھا جائیگا ۔ وہ مدرسہ چاہتے ہیں ہم اون سے کہیں کہ نہیں سڑک بنائیں گے تو اس سے کام نہیں چل سکتا ۔ میں یہ کہوں گا کہ آنریبل منسٹر بلو پلاننگ کی طرف خاص طور سے توجہ فرمائیں ۔ ان چند باتوں کے ساتھ ہاؤز کا زیادہ وقت نہ لیتے ہوئے میں منسٹر صاحب کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ وہ ان امور پر خاص طور سے توجہ کریں ۔ اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

— —

شری ادھو راؤ پٹیل (عثمان آباد ۔ عام) :— مسٹر اسپیکر سر ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :— آپ کتنا وقت لینگے ۔ آپ کو ۲۰ منٹ کا وقت دیا جاسکےگا ۔

شری ادھو راؤ پٹیل :— ۲۰ منٹ کا وقت تو بہت کم ھے ۔ یہ ایک اہم معاملہ ھے ۔ اس لئے میں رکوسٹ (Request) کرونگا کہ زیادہ وقت دیا جائے ۔ اس مسئلہ کا تعلق آئندہ پلاننگ سے ھے اور جو ڈیفکٹس (Defects) ھیں وہ ھاؤز کے علم میں آنے ضروری ھیں ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :— وقت بہت تھوڑا ھے ۔ اگر ھاؤز زیادہ دیر تک بیٹھنا چاھتا ھے تو مجھے عذر نہیں ھے ۔

شری ادھو راؤ پٹیل :— ۹ بجے تک ھاؤز کا کام ھو تو مناسب ھے ۔

شری اناجی راؤ گوانے (پربھنی) :— ھاؤز ۹ بجے تک بیٹھنے کے لئے تیار ھے ۔

منسٹر فار ھوم، لا اینڈ ری ھیابلیٹیشن (شری دگمبر راؤ بندو) :— میں عرض کرونگا کہ نو بجے تک توکافی دیر ھو جائےگی ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :— ساڑھے آٹھ بجے تک بیٹھیں تو میں سمجھتا ھونکہ کافی ھوگا ۔

شری دگمبر راؤ بندو :— ھاں ساڑھے آٹھ بجے تک رکھا جا سکتا ھے ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :— ھاؤز ساڑھے آٹھ بجے تک کام کریگا ۔

* شری ادھو راؤ پٹیل :— مسٹر اسپیکر سر ۔ فائیو ایر پلان سے ملک بھر میں یہ آشائیں پیدا ھوگئی ھیں کہ ھندوستان میں اس کی وجہ سے خاص قسم کی تبدیلیاں پیدا ھو جائیں گی ۔ ایمس اینڈ آبجکٹس (Aims & objects) میں بھی یہی بیان کیا گیا ھے کہ اکنامک ایکویالیٹی (Economic equality) حکومت لانا چاھتی ھے ۔ جو اسٹیٹ منٹ ھاؤز کے سامنے رکھا گیا ھے اس میں یہ بتایا گیا ھے کہ کہاں کتنا خرچ کیا گیا ۔ کتنا کام ھوا ۔ کتنے مدرسے تعمیر ھوئے ۔ کتنی سوسائیٹیز (Societies) قائم ھوئیں ۔ کتنے روڈس (Roads) بنے ۔ لیکن یہ نہیں بتایا گیا کہ آج ھمارے ملک کو کس چیز کی ضرورت ھے ۔ کس پلان کے ذریعہ ایکویالیٹی ھوسکتی ھے یہ دیکھنا چاھئے ۔ میں عرض کرونگا کہ ھندوستان جیسی بیاك ورڈ کنٹری میں جبتک مینس آف پروڈکشن (Means of production) ویسے لوگوں کے ھاتھوں میں رھتا ھے زیادہ پروڈکشن کا چانس (Chance) نہیں رھتا زیادہ پروڈکشن کا چانس دیں تو بڑے پراجکٹس کے بنانے کے امکانات زیادہ ھوتے ھیں ۔ مثال کے طور پر میں کہونگا کہ ۵ سو ایکڑ یا ایک ھزار ایکڑ زمین پر تنگبھدرا پراجکٹ کے تحت کاشت کرنے والے جو بڑے زمیندار ھیں انکو کھاد کے لئے حکومت کے سامنے ھاتھ پھیلانے کی ضرورت نہیں ھوگی ۔ برخلاف اسکے پانچ دس ایکڑ زمین پر

[*Shri Anna Rao Ganamukhi* (*Chairman*) *in the Chair*]

کاشت کرنے والے کو اس کی زیادہ ضرورت ھوگی کہ وہ حکومت کے آگے ھاتھ پھیلائے - جو کھاد پر زیادہ پیسہ صرف کر سکتا ھے ظاھر ھے کہ اوسکی زمین کا پروڈکشن زیادہ ھوگا ان تمام حالات کے تحت میڈیم سائز کے پراجکٹ بنانا زیادہ مفید ھوگا - لیکن زمین جنکے ھاتھوں میں ھے وھی زیادہ مستفید ھونگے - اس کے جواب میں یہ کہا جا سکتا ھے کہ ھم نے ٹیننسی ایکٹ کے ذریعہ اسکی کوشش کی ھے کہ زمینات ایسے لوگوں کے ھاتھ سے نکال لیں - لیکن میں کہونگا کہ ایسا پراویژن نہیں ھے کہ سیلنگ (Ceiling) کے اوپر کی زمینات آپ لینگے پہلے قانون میں پروٹیکٹیڈ ٹیننٹ کو زمین لینے کا حق تھا - لیکن کوئی ایسی مثال بتائیے کہ کہیں ایسا ھوا ھے - ٹیننٹ کی آج کیا حالت ھے - وہ کورٹ میں نہیں جا سکتا ھے - اس لئے جبتک اونکو اس قسم کی سہولتیں نہ بہم پہنچائی جائیں وہ زمینات سے زیادہ فائدہ حاصل نہیں کر سکتے - میں سمجھتا ھوں کہ اس پلان سے کیاپیٹلسٹ اگریکلچرسٹ (Capitalist agriculturist) کو تو فائدہ ھو سکتا ھے مگر ھمیں یہ دیکھنا چاھئے کہ معاشی مساوات حاصل ھو اور سبکو ایک ساتھ فائدہ پہنچے -

دوسری چیز یہ ھے کہ اسٹیٹمنٹ کے پیرا گراف (۲) میں کہا گیا ھے کہ

"The Constitution of India calls for an economic and social order based on equal opportunities, social justice, the right to work and the right to a living wage. Planning is the only way of giving practical shape to these noble ideals."....

پلاننگ میں صرف یہ الفاظ استعمال کئے گئے ھیں لیکن اسکے حصول کے لئے ذرائع اور سہولتیں نہیں فراھم کی گئی ھیں -

دوسری جگہ کہا گیا ھے کہ

This plan is of the people, for the people, by the people

یہ بہت پرانے الفاظ ھیں جو فرنچ ریولیوشن کے بعد سے استعمال ھوتے رھے ھیں - فائیو ایر پلان بنایا گیا - کیا اوس کے متعلق عوام کی اوپینین (Opinion) لی گئی - کتنے لوگوں سے آپ نے پوچھا کہ کس طرح پلان بنانا چاھئیے - اس کے اکزیکیوشن (Execution) کے متعلق بھی میں اپنے چند خیالات کا اظہار کروں گا - جب مدرسے بنائے جاتے ھیں روڈس بنائے جاتے ھیں لوگ ضرور ساتھ دیتے ھیں - کچھ لوگ روپیہ دیتے ھیں جو لوگ غریب ھیں وہ اپنی محنت سے مدد کرتے ھیں - لیکن اون غریبوں کی فیلنگس (Feelings) کیا ھوتی ھیں - چند بڑے لوگ ساتھ ھوجاتے ھیں تو وہ بھی تیار ھوجاتا ھے - مدرسوں کی عمارت بناتے ھیں - لیکن جس غریب کے پاس ماھانہ دو روپیہ خرچ کرنے کی قوت نہیں رھتی وہ اپنے بچے کو تعلیم نہیں دلاسکتا - چونکہ تعلیم سستی نہیں ھوتی اس لئے مدرسوں کی عمارات بنانا بے فائدہ

هوجاتا هے ۔ یه دونوں پالیسیاں ایک دوسرے کے خلاف پڑتی هیں ۔ اگر تعلیم سستی هوتو درختوں کے نیچے بیٹھکر بھی تعلیم حاصل کی جاسکتی هے ۔ عمارتیں تو بنتی هیں لیکن لوگوں کی ضروریات پوری نہیں هوتیں ۔ کئی مدرسے ایسے هیں جهاں ٹیچرس هی نہیں هیں ۔

کو آپریٹیو کے سلسله میں میرا کہنا یه هے که (۲۰) لاکھ کا ٹارگٹ تھا (۷) لاکھ خرچ هوئے هیں ۔ جب تک اجناس پر کنٹرول تھا کوآپریٹیو سوسائٹیز اچھی طرح چل رهی تھیں جب اکنامک کرائسس (Economic crisis) سامنے آیا ۔ پرائزس (Prices) گرنے لگیں تو یه کوآپریٹیو سوسائیٹیز بھی لاس (Loss) میں چلنے لگیں ۔ اصل چیز تو یه هے که ایک هاتھ کی طرف تو هم دیکھتے هیں دوسرے هاتھ کی طرف هم نہیں دیکھتے ۔ جسم کے ایک حصه کی مرهم پٹی کرتے هیں دوسرے حصه کے زخم کو ویسا هی رهنے دیتے هیں ۔ آج اپنے ملک میں کوآپریٹیو سو سائٹیز بطور موومنٹ نہیں چل رهی هیں ۔ خود آندھرا وغیره میں جو هم سے پرانا اسٹیٹ هے یه سوسائیٹیز بطور موومنٹ نہیں چل رهی هیں ۔ اس کے پیچھے گورنمنٹ کا سینکشن (Sanction) هونا ضروری هے ۔ وجه یه هے که وسٹیڈ انٹرسٹس کلاس (Vested interests class) تمام سوسائٹیز کو کیپچر (Capture) کرکے بیٹھی هے اپنے نفع کی خاطر یا دوسری جو دوکانات هیں اون کے نقصان کو ڈفنڈ (Defend) کرنے کی خاطر بعض الیمنٹس (Elements) اس میں شامل هوگئے هیں ۔ مارکٹ میں ٹسل (Tussel) هے ۔ کامپیٹیشن (Competition) هورها هے ۔ ان پلانڈ پراڈکشن (Unplanned production) کی وجه سے یه سوسائٹیز هرگز پنپنے نہیں پاتیں ۔ لون کے سلسله میں جو کہا گیا هے اوس کے متعلق میں یه کہوں گا که یه پلان حقیقت میں هے کیا لوگ سمجھنے نہیں پاتے ۔ عثمان آباد یا ناندیڑ کے ایک انپڑھ آدمی کو لیجئے (جو لوگ پڑھے لکھے هیں یا جو دیش سے پریم جتاتے هیں یا وه لوگ جو یه سمجھتے هیں که جب هم آ کر یهاں بیٹھے هیں تو کچھ نه کچھ دینا همارا فرض هے وه لوگ شائد اسکو سمجھ سکیں) لیکن ایک انپڑھ آدمی کے لئے کیا چیز هے اس پلان کے اندر لون (Loan) کیوں کنٹریبیوٹ (Contribute) کیا جائے ۔ کلکٹر یا منسٹر کے نانه سے لوگ لون میں دیدیتے هیں ۔ لیکن اوس آدمی کے لئے پلان میں کیا چیز هے یه واضح نہیں هے ۔ چائنا سے جاکر واپس آنے کے بعد بہت سے لوگوں کا خیال هے (اور اون میں وه لوگ بھی هیں جو کمیونسٹ نہیں هیں) که وهاں کے لوگوں میں بڑا اتساه هے ۔ وهاں کے جو بڑے لینڈ لارڈس تھے اون کی زمینات لے لی گئی هیں ۔ اون کے بیل لے لئے گئے اون کے زیورات لے لئے گئے اور لوگوں میں تقسیم کئے گئے ۔ اس لئے اس کا لازمی نتیجه یه هے که وهاں لوگوں کو کم از کم اس کا وشواس تو هوگیا هے که جب حکومت نے یه کیا هے تو همارے لئے بھی ضرور کریگی ۔ اس لئے همارا فرض هے که اوسکی مدد کریں ۔ کسان اور مزدور هوائی باتوں سے مطمئن نہیں هوتا ۔ آپ کہینگے که دس

سال کے بعد اتنا پراڈکشن بڑھ جائیگا - اناج سستا ہوجائیگا - وہ کہیگا کہ آج میرے لئے کیا کیا جائیگا -

دوسرا ڈفکٹ اس اسٹیٹمنٹ میں یہ ہے کہ ان اسپلائمنٹ کو دور کرنے کے لئے کوئی پراویژن اس میں نہیں رکھا گیا - انڈسٹریل پالیسی کے متعلق میں اتنا ہی عرض کروں گا کہ سر سلک اور سرپور پیپر ملز تو کھو بیٹھے - اخباروں میں ہرهفته یہ خبر آجاتی ہے کہ کوئی نہ کوئی انڈسٹری بند ہورہی ہے - کیوں بند ہورہی ہے - لوگوں کی پرچیزنگ کیپاسٹی کم ہوگئی ہے - لوگوں کے ہاتھ میں پیسہ کم ہے - ان اسپلائمنٹ کی وجہ سے بھی پیسہ کی کمی ہے - بازار میں مال اٹھتا نہیں - کیوں نہیں اٹھتا - لوگوں کے پاس خریدنے کے لئے پیسہ نہیں ہے - ایک اور چیز ہے جس کے متعلق بجٹ کے وقت بھی کہا گیا اور اب بھی کہتا ہوں کہ مرہٹواڑہ کو اس میں نگلکٹ (Neglect) کیا گیا - وہاں کے لوگوں سے آپ نے یہ بھی نہیں پوچھا کہ کونسا پراجکٹ چاہئیے کونسا نہیں چاہئیے - کیا یہی پیپلز پلان (Peoples plan) ہے - میڈیم سائز کے پراجکٹس کے لئے دو سو لاکھ روپیہ کا لون بتایا گیا ہے اوس میں سے بھی نلگنڈہ کے موسی پراجکٹ کے لئے (۱۱۹) لاکھ روپیہ خرچ ہوں گے - اور (۸۱) لاکھ روپیہ دوسرے پراجکٹس پر خرچ ہوں گے - جو ناندیڑ - بیڑ - اورنگ آباد میں بنینگے - یہ چیز ڈیمو کریسی کے لئے نقصان دہ ہے - آپ کو کسی ایک ولیج - دیہات یا صوبہ کے لئے نہیں بلکہ پورے ملک کے لئے سوچنا چاہئیے - آپ کو معلوم ہے کہ مرہٹواڑہ اسکیرسٹی (Scarcity area) ایریا ہے - وہاں فیمین (Famine) ہوتا ہے - وہاں دریا بہتے ہیں اون پر پراجکٹ بنا کر اسکیرسٹی دور کی جاسکتی ہے - حکومت کو اپنی ذمہ داری محسوس کرنا چاہئیے - آپ کہتے ہیں کہ تلنگانہ میں مووِمنٹ ہورہاتھا اوسکو وہاں سے اکھاڑنے کے لئے پراجکٹس بنائے گئے - گویا آپ مرہٹواڑہ کو یہ سبق دے رہے ہیں کہ جب تک آپ بھی مووِمنٹ نہیں چلائیں گے پراجکٹس نہیں بنینگے - سیڈ ڈسٹریبیوشن (Seed distribution) کے متعلق جو فائیو ایر پلان میں کہا گیا اوس کے متعلق میں یہ کہونگا کہ ہمارے پاس صرف جوار ہی زیادہ پیدا ہوتی ہے - گیہوں کم پیدا ہوتا ہے - لیکن جوار کی تقسیم میں بھی نا انصافی کی گئی - بنڈنگ کے سلسلہ میں ۳ کروڑ ۳۶ لاکھ خرچ کرنے کا ارادہ ہے اس کا وعدہ ایک سال سے کیا گیا تھا کہ مرہٹواڑی میں بنڈنگ کا کام لیا جائیگا - لیکن اوس کے متعلق بھی حکومت کا یہ کہنا ہے کہ ۵۰ کسان مل کر آئیں - اوس کے متعلق بانڈس لکھ کر دیں وغیرہ وغیرہ - یہ ٹیکنیکل ڈفیکلٹیز (Technical difficulties) ہیں - حالانکہ اس کے برعکس حکومت بمبئی نے بھی شولا پور ڈسٹرکٹ میں بنڈنگ کا کام کمپلسری (Compulsory) کردیا ہے - وہاں کسانوں سے (۵۰) پرسنٹ معاف اور (۵۰) پرسنٹ تقاوی کے ذریعہ رقم وصول کیجائے گی - آپ کی یہ شرط کہ (۵۰) کسان مل کر آئیں تو یہ کام کیا جائیگا پوری ہونے والی نہیں - ہماری سماج کی حالت اتنی اچھی نہیں - چار کسان بھی مل کر ایک فصل نکالتے ہیں تو جھگڑے پیدا ہو جاتے ہیں -

کیونکه اون کا ماحول هی ویسا هے ۔ اس لئے آپ کی یه شرط که (۵۰) کسان مل کر آئیں یا پانچ سو ایکر زمین هو یه غلط شرط هے ۔ وهاں کمپلسری بنڈنگ کا کام شروع کرنا چاهئے ۔ اور رقم تقاوی کے طور پر وصول کرنا چاهئے ۔ فینانشیل اسپکٹ کے متعلق جو کچھ آنریبل ممبر فار سکندر آباد نے کہا میں اوس پر زیادہ زور دینا نہیں چاهتا ۔ دیکھنا یه ریوینیو میں انهیانسمنٹ (Enhancement) کن سورسس (Sources) سے هوسکتا هے ۔ ٹیکسس بڑهاتے هیں تو عوام میں اوسکی قوت باقی نہیں رهی ۔ اس میں شک نہیں که ریوینیو اکسپنڈیچر میں اکانمی کرکے جیسا که بتایا گیا هے (۳) کروڑ کی کمی کی گئی هے ۔ لیکن جو دوسرے سورس هیں اون کو هم هاتھ لگانا نہیں چاهتے ۔ جو وهائٹ الیفنٹس (White elephants) هیں مثلاً جاگیردار وغیره ان کا معاوضه کم از کم پوسٹ پون (Postpone) نہیں کیا جاتا ۔ اس کو کم از کم دس سال کے لئے ملتوی کیا جائے تو اوس پیسے سے پلاننگ کی ضروریات پوری هو سکتی تهیں ۔ زیاده اناج اگایا جا سکتا تها ۔ انڈسٹریل ضرورت پوری هو سکتی تهی ۔ اون کو اتنی سبسیڈی (Subsidiary) دیجا سکتی تهی که وه زنده ره سکیں ۔ اور باقی پیسه جو بڑے بڑے جاگیرداروں اور راجاؤں کو دیا جاتا هے وه یکلخت بند کردیا جائے ۔ اوسکو هم استعمال کر سکتے تهے ۔ لوگوں کے کوآپریشن کے بارے میں میرا یه کہنا هے که عوام لون حاصل کرنے کیلئے اپوزیشن پارٹیز کے پاس اپروچ (Approach) کیا جاتا هے تا که وه اس کام میں مدد کر سکیں ۔ لیکن جب اس رقم کو کسی پلان کے تحت خرچ کرنے کا وقت آتا هے اوس وقت اپوزیشن کے ممبروں کو کمیٹی میں نہیں لیا جاتا ۔ اوس وقت یه کہا جاتا هے که یه پلان هم هی نے بنایا هے اور هم هی خرچ کرینگے ۔ میں کئی نیشنل اکسٹنشن بلاکس کی مثالیں دے سکتا هوں که جهاں میجارٹی نے تصفیه کیا که فلاں شخص کو نه رکھا جائے لیکن کلکٹر صاحب نے کہا که میں اوس شخص کو پسند کرتا هوں لهذا اوس کو رکھونگا ۔ تو اس قسم کے طرز عمل سے صحیح معنوں میں کوآپریشن حاصل نہیں هوسکتا ۔ پارٹی پالیٹکس کو پیش نظر رکھکر یا الکشن کو پیش نظر رکھکر اگر پلان بنایا جائے تو اوس سے لوگوں کو فائده نہیں هوگا ۔ مشکل تو یه هے که اگر هم کسی کنسٹرکٹیو (Constructive) کام میں حکومت کی مدد کرنا چاهیں تو حکومت کے کل پرزے هماری مدد نہیں لیتے ۔ پیسه کی وصولی کے سلسله میں تو هماری مدد لیتے هیں ۔ لیکن اوسکو خرچ کرنا هوتا هے تو هم کو نہیں بلایا جاتا ۔

श्री. देवीसिंग चौहान (औसा) :—अध्यक्ष महोदय, यहां पर जो स्टेटमेंट रखा गया है अुसमें जो फिगर्स बताये गये हैं। अुससे यह मालूम होता है कि पहले साल में ४ करोड २८ लाख रुपयेकी कमी बताअी गअी है। और सन ५५-५६ के अदादोशुमार में यह बताया गया है कि१० करोड और ६० लाख का डिफिसियेट होगा। अुसमें से ९करोड रुपया गव्हर्नमेंट देनेवाली हैं अिस तरह से यदि हिसाब लगाया जाय तो १ करोड ६० लाख रुपये का डिफिसियेट आता है। अिसके बाद सपलीमेंटरी आयटम्स की कास्ट बताअी गअी हैं वह ११ करोड और ८९ लाख रुपये की है। अिस तरह से जो नेट डिफिसियेट साढे तेरह करोड की आती हैं।

अिस तरह से पहले चार साल में ११ करोड ६० लाख का डिफिसियेट बताया गया है। वह रकम यदि देने करने का सोंचा भी जाय तो मुझे शक है वह रक्कम अगले अेक साल मे खर्च की जा सकेगी या नहीं । अितनी रक्कम रिलीज भी की गअी तो भी वह मौके पर पहुंचकर खर्च हो सकेगी या नहीं अिसके बारें में भी मुझे शक है। जो स्टेटमेंट में हाअुस में रखा गया वह अॅग्रिकल्चर मिनिस्टर, और फायनान्स मिनिस्टर से मिलकर ही बनाया होगा। लेकिन ताजुब की बात है कि फायनान्स मिनिस्टर आज यहां नजर नहीं आते हैं जब कि अुनका यहां रहना जरूरी था।

खैर, जो अमाअुंट आज हमारे पास हैं वह पूरी तरह प्रोवाअिड किये गये तो भी वह अगले अेक साल में खर्च किये जा सकेंगी या नहीं। अिसके लिये कोअी जमीन नहीं रह सकता है। लेकिन अुसे रिलीज भी किया गया तो भी अगले अेक साल में अुसे खर्च करना मुश्किल है। ऑनरेबल मेंबर्स की यह शिकायत हैं कि जिन हेडस के लिये खर्चा मंजूर किया जाता है वह वहां पर समयपर नहीं पहूंचती है और वक्त पर अुसका अुपयोग नहीं होता तुंगभद्रा प्रॉजेक्ट के बारे में हमारे सामने यह बात खास तौर पर आअी है। गव्हर्नमेंट नें कहा कि गुजश्ता ६००० अेकर जमीन सैराब हुअी,लेकिन यह दुरुस्त नहीं। विजयनगर के राजाओं ने ४०० साल पहले ही डेव्हलप किया था। हमने खाली नहर में पानी लाने का अितेजाम किया है। बेनसुरा प्रॉजेक्ट की भी यही हालत है। गुजस्ता ३०० अेकड जमीन के लिये पानी दिया गया है। अिस साल भी बहुत थोडा अिजाफा हुवा है। नहीं हुअ ा है। अिसपर ६० लाख रुपये खर्च किये गये हैं। अुसका सुद ४ फीसद हो तो हमारे हरसाल दो लाख रुपये वेस्ट हो रहें हैं।

मेरा पाअिंट अितना ही है कि प्लान के तहत ये जो प्रोजेक्टस हो रहे हैं वह बहुत ही अनप्लान्ड हैं। जो रोडस् बनाये जाते हैं अुसमें भी यही हाल है। मेरा कहना है कि प्लान पिरीयड में जितने काम लिये जाते हैं अुनको काफी गौर खौज के साथ सोचना चाहिये और अिम्पलीमेंट करना चाहिये। वक्त पर अिम्प्लीमेंट करना बहुत जरूरी है।

अेक चीज मराठवाडे के बारे में कहूंगा। अिसके बारे में काफी कहा गया है । हाअुस के सामने वक्तनफवक्तन यह चीज आअी है। लेकिन गवर्नमेंट की तरफ से काफी शिद्दत के साथ अिसको रिफ्युट किया जा रहा है। अिसलिये मुझे अिस पर कहने की जरूरत महसूस हो रही हें। जो डिस्ट्रिक्टवाअिज फाअिव अिअर प्लान हाअुस के सामने रखा गया है अुसमें अुसके अेक फिक्रे में लिखा गया है अुसको पढ कर जवाब देना वक्त के लिहाज से नामुमकिन है। लेकिन अुस पर में कहना चाहता हूं कि जो बडे बडें प्रोजेक्टस होते हें अुसके खिलाफ कोअी अेतराज नहीं है ।तुंगभद्रा रायचूर में हो सकता है और कडम अदिलाबाद में हो सकता है। अिसको बिल्कुल मानते हैं। अिसका जवाब दिया जाता है। अेक महाराष्ट्रियन प्लीडर ने कहा कि हम तुंगभद्रा को हटाकर अुसको मराठवाडा भाग में ले जा नहीं सकते है। अिस तरह से आर्ग्यूमेंटस को रिफ्यूट करने की कोशिश की जाती है। में हाअुस को वाजे कर देना चहाता हूं कि यह फुजूल झूटी और बेसूदा बहस

है। अिस तरह के आर्ग्यूमेंटस कर के मराठवाडे की जो डिमांड है, जो शिकायत है अुसको रफा करने का समाधान जिम्मेदार व्यक्ति हासिल नहीं कर सकते। डिमांड सिर्फ अितनी ही है कि प्रपोर्शनेट अेक्सपेन्सेस होने चाहिये। जितना खर्च हम तुंगभद्रा पर कर रहे हैं अुसके लिहाज से मराठवाडे मे खर्चा किया जाय तुंगभद्रा पर खर्च नहीं करना चाहिये यह मंशा नहीं है। आप वहां १९ करोड खर्च कर रहे हैं, कीजिये। लेकिन अुसके साथ साथ पांच छ: करोड दूसरे हिस्से में भी कर दीजिये। बडे बडे प्रोजेक्टस मराठवाडे में नहीं है। हमारी शिकायत भी यह नहीं है। अिधर आप छोटे छोटे प्रोजेक्टस बनाअिये। छोटे प्रोजेक्टस भी नहीं मिलते तो तालाब को लीजिये। तालाब नहीं है। बहुत कम बारिश होती है तो बंडिग को ही लीजिये जिसके जरिये हम वाटर लेवल अुठा सकेंगे, छोटे छोटे तालाब हो सकेंगे, बावलियों में पानी आ सकेगा। लेकिन हुकूमत की जानिब से अैसा अेतराज नहीं आना चाहियें। मैं समझता हूं कि हाअस में अितनी मर्तबा अिस पर चर्चा की गअी है तो गवर्नमेंट अुसको मान लेती है और रिस्पान्सिबल सोर्सेस अिसको मान चुके हैं। पहले जो प्रोजेक्टस शुरू किये गये थे, तुंगभद्रा, निजामसागर और कडम प्रोजेक्ट, अुसकी बुनियाद दस साल पहले की है। अुस वक्त से प्लानिंग और सर्वे हो रहा है, थोडा अेलीमेंटरी काम भी किया गया है, अुसको अधूरा छोडकर दूसरे प्रोजेक्टस लेना मुनासिब नहीं है। लेकिन कहा जारहा कि मराठवाडे में प्रोजेक्टस नहीं हो सकते। हुकूमत की जानिब से चंद साल प्रोपागांडा भी किया जाता था।

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—जिस वक्त आप हुकूमत में थे।

श्री. देवीसिंग चौहान :—मैं अुस वक्त की बात बतला रहा हूं जब कि आप और मैं दोनों यहां पर नहीं थे। अुस वक्त से प्रोपागांडा किया जाता था और गलत प्रोपागांडा किया जाता था।

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—मुझे मालूम है अुस वक्त भी यही प्रोपागांडा किया जाता था जब कि आप हुकूमत में थे और मैं भी यहां था।

श्री देवीसिंग चौहान :—मैं अुस किताब की तरफ अिशारा करूंगा जिसका नाम है 'प्रोजेक्टस फॉर प्रोस्पेरिटी' जो हमारे अिनफरमेशन डिपार्टमेंट की तरफ से शाया की गअी है। अुसमें कहा गया है कि मराठवाडे में प्रोजेक्टस नहीं हो सकते। अिसको मैं यहां पर कंडेम करना चाहता हूं मराठवाडे में अिस वक्त भी जिला नगर में नीरा नाम की नदी है, वहां पर बेहतरीन शुगरकेन प्लेंटेशन हो सकता है। बंबअी के शोलापूर जिले में पंढरपूर जाअिये वहां भीमा नदी पर शुगरकेन फैक्टरीज बनी हैं। जैसे हैदराबाद में निजामाबाद में शुगरकेन पैदा कर सकते हैं वैसे ही महाराष्ट्र में शुगर अिंडस्ट्री काफी फैली हुअी है। बलैक काटन साअिल में अिर्रीगेशन नहीं होता यह कहना बिल्कुल गलत है। यहां बैठकर सिर्फ कहने से ये चीजें साबित नहीं होती। यहां के रिस्पान्सिबल अधीकारी और गवर्नमेंट कुछ नअी फैसिलीटीज और नये प्लान देने की कोशिश कर रही है लेकिन अुसके साथ साथ वादे किये जाते हैं लेकिन अुसको रूबेअमल में लाने की कोअी सूरत या चारा नजर नही आता। अिसलिये अितनी ही अुम्मीद करता हूं कि आयंदा साल या नेक्स्ट फाअिव अियर प्लान में यही शिकायत दोहराने की नौबत न आये।

दूसरी चीज यह है कि जो प्लान्स हम हाथ में लिये हैं अुनको हमने पूरा नहीं किया है। तुंगभद्रा का डेवलपमेंट करना अभी बाकी है और कअी करोड रुपये अुसके लिये सर्फ करने की जरूरत है। दूसरे कअी प्लान्स अैसे हैं जिनको अभी हमने डेवलप ही नहीं किया। अभी ही हमने लोगों को यह अुम्मीद दिलाने की कोशिश शुरू की है कि बहुत बडा प्रोजेक्ट हम ले रहे हैं जो लेकर अिम्प्लीमेंट करने की ताकत हममें नहीं है और जिसकी कास्ट (Cost) १२० करोड रुपये है। गये चार साल में हमने तजरुबा अुठाया कि हमने अेक साल में भी प्लान्ड अमाअुंट खर्च नहीं की। १२० करोड की अमाअुंट अुसमें से ४० या ५० करोड का हिस्सा हमारा आयेगा लेकिन कम से कम अुसके आधा या तीसरा हिस्सा खर्च करना पडेगा तो अितनी रकम हम कहांसे और कैसे लायेंगे और खर्च करेंगे ? गवर्नमेंट आफ अिंडिया से कर्ज लेंगे तो अुसके लिये अितना सूद देना पडता है कि जो नानडेवलपमेंटल आयटेम्स में अिजाफा हो जायगा। अिसलिये यह ठीक है कि हमको अैसे वादे नहीं करने चाहिये जिनको हम अिम्प्लीमेंट नहीं कर सकते। जो काम हमने हाथ में लिये हैं अुनको अभी पूरा नहीं किया, अुनसे फायदा नहीं हो रहा है तो अुसके पहले ही हम दूसरे वादे शुरू कर दिये हैं। यह ठीक नहीं है।

अिसके बाद मैं बंडिग के आयटम पर कुछ कहना चाहता हूं। मराठवाडे के लिये बंडिग बहुत अहम चीज है। वहां बारिश बहुत कम होती है। नदियां हैं और नदियों के सोर्सेस बहुत छोटे छोटे हैं। कैचमेंट अेरिया बहुत बडा नहीं है। अिस दृष्टि से बडे बडे प्रोजेक्टस वहां नहीं बन सकते। छोटे छोटे बन सकते हैं अिसीलिये वहां बंडिग की जरूरत है। मराठवाडे में फारेस्ट मुतलक नहीं है। अिस लिहाज से वहां पर जमीन में जो माअिश्चर होता है वह बहुत जल्द खतम हो जाता है। अिसलिये भी वहां बंडिग की जरूरत है। गव्हर्नमेंट ने अिसके लिये अिस साल ३६ लाख रुपये प्रोवाअिड किये हैं लेकिन मुझे डर है कि वह पूरी रक्कम खर्च नहीं की होंगी ३६ लाख रुपये अिस साल खर्च करना है लेकिन अंदाजा यह है कि मार्च के आखिर तक वह खर्च नहीं कर सकते क्योंकि हमारे पास ट्रेन्ड परसोनेल नहीं हैं। थोडी बहुत कोशिश हो रही है लेकिन अुससे यह रक्कम खर्च होनेवाली नहीं है। अगर यह रक्कम खर्च न हो तो लैप्स हो जायगी और फिर वही दोबारा तीस लाख या पचीस लाख की रक्कम आयंदा साल के लिये प्रोवाअिड की जायगी। मैं अुम्मीद करता हूं कि अिस रक्कम को खर्च करने का अिंतजाम किया जाय और बंडिग के काम के लिये ही वह खर्च की जाय। अगर वह खर्च न हो तो अुसको नानलैप्सेबल करार देकर आयंदा साल के लिये खर्च की जाय।

अिम्प्लीमेंटेशन आफ दि प्लान के बारे में मैं अेक दो बातें रखकर अपनी तकरीर खतम करूंगा। रेड टेप जितना कम होना चाहिये अुतना अभी कम नहीं हुआ है। हम लोगों से कोऑपरेशन चाहते हैं और हर अेक, प्राअिम मिनिस्टर से लेकर चीफ मिनिस्टर और दूसरे मिनिस्टर्स और हम भी महसूस करते हैं कि लोगों में काफी अिन्सेन्टिव है लेकिन अुसको अिस्तेमाल करने की जरूरत है। लोग काम हाथ में लेते हैं, कलेक्टर वादा करते हैं या अुनकी नीयत होती है अुसको पूरा करने की लेकिन रेड टेप अैसा है कि वह तमाम चीजें पूरी नहीं होने देता। अिसकी तरफ हुकूमत को फौरी ध्यान दिलाने की जरूरत है। मैं यह नहीं कहता कि हुकूमत या कैबिनेट लेवल पर अिसके बारे में रिजर्वेशन है, अैसा नहीं है। लेकिन नीचेकी मशीनरी कोअी काम नहीं बनने देती अिसके बारे में मेरा अेक प्रेक्टिकल सजेशन है। मैं जानता हूं कि गव्हर्नमेंट ने भी अिसके सिलसिले में

अेक कदम अुठाया है । नेशनल अेक्सटेन्शन सर्विस, ब्लाक्स के काम के लिये दस हजार की रक्कम की मंजूरी कलेक्टर दे सकता है । मैं समझता हूं कि अिसमें अिजाफा कर के तीस या पचास हजार की रक्कम की मंजूरी कलेक्टर दे और अिसके कन्फरमेशन के लिये जरूरत हो तो सेक्रेटरीअेट में, मिनिस्टर के पास वह मसला लाया जाये । अिस तरह से करें तो सहूलत पैदा हो जायगी ।

दूसरी चीज यह है कि हुकूमत की मंशा लोगों के साथ प्रापर कोआपरेशन करने की होने के बावजूद डिस्ट्रिक्टस में कुछ व्हेस्टेड अिंटरेस्टस बैठे हुअे हैं । जो डिस्ट्रिक्ट लेवल के वर्कर्स के काफी ताअवुन नहीं करते । गव्हर्नमेंट की तरफ से लोगों के साथ नानकोआपरेशन होता है । वह किस तरह से? अेक स्कूल बनाया जाय तो अुसके लिये पत्थर, अिंट वगैरा तो मिल जाता है, लेकिन सीमेंट का सवाल आता है ।वह रेल्वे स्टेशन जैसे स्थान पर जाकर खरीदना पडता है । खिडकी दरवाजों के लिये लकडी की जरूरत होती है । लोगों से कहा जाता है कि आप सोलापूर के फलां दूकान में जाकर लकडी खरीदेंगे तो हम पैसा रिलीज करते हैं । फलां दूकान पर जा कर सीमेंट खरीदेंगे तो पैसा रिलीज करते हैं । यह शिकायत आम नहीं है लेकिन————

विरोधी बेंचेस से आवाज——आम है, आम है ।

श्री. देवीसिंग चौहान :——लेकिन गव्हर्नमेंट या हाय लेवल पर जो रिस्पान्सिबल परसन्स का यह ख्याल नहीं है । लेकिन यह चीज हो रही है । अिसकी वजह से तालुका और डिस्ट्रिक्ट लेवल के वर्कर्स बहुत परेशान हैं । छोटी छोटी सी चीजों के लिये अुनको यहां मिनिस्टर तक दौडना पडता है । अिसके लिये पैसा और वक्त जाया होता है । जिन दूकानों की तरफ अिशारा किया जाता है अुनकी कीमतों का दूसरे दूकानों की कीमतों से मुकाबला करें तो डयोढेका फर्क नजर आता है । ये व्हेस्टेड अिंटरेस्टस जिलों में बैठकर लोगों के साथ नानकोआपरेशन कर रहे हैं अुसकी तरफ फौरी तवज्जह करने की जरूरत है । अिस तरह से अगर हम हुकूमत की तरफ से जो शिकायतें लोगों की हैं अुनको रफा करने की कोशिश करें और लोगों में जो अुत्साह पैदा हो गया है अुसको अिस्तेमाल करें तो मैं समझता हूं कि हम अिस प्लान को अच्छी तरह से अिम्प्लीमेंट कर सकते हैं ।

अिसके बाद अेक शिकायत यह की गअी कि नैशनल लोन के लिये लोगों पर जबर्दस्ती होरही है लोगों को पकडा जा रहा है, बिठाया जा रहा है और अुनकी तरफ से जबर्दस्ती पैसा वसूल किया जा रहा है। यह जो तनकीद है अुसको मैं सेन्शर(Censure)करता हूं। जो कोशिशें मुल्क में हो रही हैं हमारा स्टेंडर्ड आफ लिव्हींग बढाने के लिये अुसमें अिस तरह से नुक्ताचीनी कर के अेक बदसूर पैदा करना मैं मुनासिब नहीं समझता । जो ऑनरेबल मेंबर्स अिस तरह से समझते हैं अुनको यह सोचना चाहिये कि जब तक हम लोगों के पास अेप्रोच न हों और लोगों के सामने अिसका महत्व न जतलायें वे अुसकी तरफ मायल नहीं होंगे । लोगों में अितना कान्शसनेस पैदा नहीं हुआ है । अखबारों में अेक चीज आअी तो अुसको हम कान्ट्रीब्यूट करें अैसी प्रेरणा लोगों में अपने आप नहीं होती । अिस हाअुस के काफी मेंबरान, मैं समझता हूं अैसे होंगे जिन्होंने अेक महीने की तनख्वाह अिस प्लान के लिये अभी भी अदा नहीं की होगी । हम गव्हर्नमेंट सर्वंटस के लिये कम्पलशन करते हैं । लेकिन खुद के तौर पर जो चीज होनी चाहिये वह तो दूर रही लेकिन जब हम लोगों से कहते हैं कि अैसा करना चाहिये तो अुसके लिये कोआपरेशन आता ही नहीं, बल्कि क्रिटिसीजम की जाती है कि नेशनल

प्लान लोन के लिये अैसी सख्ती की जा रही है। मैंने तो अैसी सख्ती कहीं नहीं देखी। कलेक्टर हर जगह जाते हैं, लोगों को बुलाकर बातचीत करते हैं और अुनसे रिक्वेस्ट करते हैं कि आप लोन में अितना अितना दीजिये। गव्हर्नमेंट सर्वंटस को भी दरख्वास्त की गअी है कि वे अिसमें कान्ट्रीब्यूट करें लेकिन सख्ती किसी के अूपर नहीं की जाती। अिस तरह की क्रिटिसीजम करने से हम प्लान को अिम्प्लीमेंट नहीं कर सकेंगे।

